وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا

اور اگر ہم نے اتارا ہوتا ان کی طرف فرشتوں کو، اور باتیں کرتے ان سے مردے، اور ہانک کر

عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَ

کر دیتے ہر چیز کو ان کے سامنے، تو بھی یہ لوگ نہ مانتے۔ مگر یہ کہ اللہ ہی کی مشیت ہوتی۔

لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿١١١﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا

لیکن ان کے بہتیرے تو جاہل ہیں ● اور اسی طرح سے بنایا تھا ہم نے ہر نبی کا دشمن

شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ

انسان اور جن کے شیطانوں کو، کہ ڈالیں ایک دوسرے کے دل میں ملمع کی ہوئی

الْقَوْلِ غُرُوْرًا ۭ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿١١٢﴾

باتوں کو دھوکا دینے کو۔ اور اگر تمہارا پروردگار چاہتا تو یہ ایسا نہ کرتے، تو چھوڑ دو ان کو اور جو وہ افترا کرتے رہتے ہیں ●

وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ

اور تا کہ مائل ہوں اس کی طرف ان کے دل جو نہیں مانتے آخرت کو، اور تا کہ وہ اس سے خوش ہوں،

وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿١١٣﴾ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ

اور تا کہ بٹور لیں جو بٹورنا ہو● تو کیا اللہ کے غیر کا ہم فیصلہ چاہیں؟ حالانکہ وہی

الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ۭ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ

ہے جس نے اتارا تمہاری طرف کتاب مفصل۔ اور جن کو ہم نے کتاب دی ہے

يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿١١٤﴾

جانتے ہیں، کہ بیشک یہ تمہارے پروردگار کا اتارا ہے، بالکل حق، تو شکیوں کے ساتھ تم نہ رہا کرو●

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ

اور کامل ہے تمہارے پروردگار کی بات سچائی اور انصاف۔ کوئی نہیں ہے بدل دینے والا اسکی بات کا۔ اور وہ

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١١٥﴾ وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ

سننے والا علم والا ہے● اور اگر کہنا مانتے تم آبادی کی بھیڑ کا، تو بے راہ کر دیتے

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿١١٦﴾

اللہ کی راہ سے۔ وہ لوگ صرف خیالات کے پیچھے لگے ہیں، اور محض اٹکل سے کام لیتے ہیں●

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۱۷﴾

بیشک تمہارا پروردگار وہ خوب جانتا ہے جو اسکی راہ سے بھٹکیں، اور خوب جانتا ہے جو راہ پر چلنے والے ہیں●

فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ وَمَا

تو مسلمانو کھاؤ ذبیحہ کو جس پر اللہ کا نام لیا گیا، اگر تم اس کی آیتوں کو مانتے ہو● اور تمہیں

لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا

کیا حق ہے کہ نہ کھاؤ وہ ذبیحہ، جو ذبح کیا گیا اللہ کا نام لے کر، جب کہ بے شک مفصل بتا دیا تم کو

حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ

جو حرام فرما دیا ہے تم پر، مگر جس کی طرف تم بے قابو ہو جاؤ۔ اور بیشک بہتیرے وہ ہیں کہ گمراہ کرتے ہیں

بِاَهْوَاۗىِٕهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَذَرُوْا

وہمی باتوں سے، نادانی سے۔ بیشک تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے حد سے بیحد ہو جانے والوں کو● اور مسلمانوں

ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ

چھوڑ دو کھلا ڈھکا ہر طرح کا گناہ۔ بے شک جو گناہ کو کمائیں، بہت جلد بدلہ دیئے جائینگے

بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

جو بٹورا ہے● اور مت کھاؤ جس پر ذبح کرتے اللہ کا نام یاد نہیں کیا گیا۔

وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ۭ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰۗىِٕهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ

اور بیشک وہ نافرمانی ہے۔ اور بیشک شیطان ضرور اپنے یاروں کے دل میں ڈالتے ہیں کہ تم سے جھگڑتے رہیں۔

وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ ع ۱۴

اور اگر تم لوگ ان کے کہے پر چلے، تو بیشک تم بھی مشرک ہو● کیا جو بے جان تھا، پھر ہم نے اس کو جان دی

وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ

اور بنا دیا اسکے لئے روشنی، جس سے چلے پھرے لوگوں میں، اسکی مثال اسکی طرح ہے جو اندھیریوں میں ہے؟

لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ۭ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

کہ اس سے نکلنا نہیں۔ اسی طرح بھلے دکھا دیئے گئے کافروں کو ان کے کرتوت●

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ۭ

اور اسی طرح بنایا ہم نے ہر آبادی میں جرائم پیشہ کے سردار، کہ دھوکہ دھڑی کرتے رہیں اس میں۔

وَمَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذَا جَآءَتْهُمْ

اور وہ داؤں نہیں کرتے، مگر خود اپنے سے، اور انھیں اس کا پتہ نہیں چلتا ● اور جب آئی ان کے پاس

اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُ

کوئی نشانی، تو بولے کہ ہم نہ مانیں گے، یہاں تک کہ خود ہم کو بلا واسطہ دیا جائے، جس طرح اللہ کے رسولوں کو دیا گیا۔۔۔

اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا

اللہ بہتر جانتا ہے جہاں اپنی رسالت رکھے۔ بہت جلد پہنچے گی انھیں، جنھوں نے جرم کیا،

صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيْدٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ فَمَنْ

ذلت اللہ کے یہاں، اور سخت عذاب، جو داؤں کھیلتے رہے ● تو

يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ

جسے اللہ چاہے کہ ہدایت دے، کھول دیتا ہے اس کے سینہ کو اسلام کیلئے۔ اور جسے چاہے کہ

يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ؕ

اس کی گمراہی دکھاوے، تو کر دیتا ہے اس کے سینے کو تنگ بند، گویا زبردستی آسمان چڑھایا جاتا ہے۔

كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَ

اسی طرح اللہ بنا دیتا ہے ناپاک، بے ایمانوں کو ● اور

هٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾

یہ تمہارے پروردگار کی راہ ہے سیدھی۔ بیشک مفصل کر دیں ہم نے آیتیں سبق لینے والی قوم کیلئے ●

لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ وَ

انکے لئے سلامتی کا گھر ہے انکے پروردگار کے یہاں، اور وہ انکا مددگار ہے، اجر میں اسکے جو وہ عمل کرتے تھے ● اور

يَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ

اس دن جب یکجا کرے گا ان سب کو، کہ اے گروہ جن تم نے بہت اپنا لیا تھا انسانوں

الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓـؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا

کو، اور بولے ان کے دوست انسان سے، کہ اے ہمارے پروردگار ہم میں سے ایک نے دوسرے

بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ

سے اپنی غرض نکالی، اور پہنچ گئے اس وقت کو، جو تو نے ہمارے لئے مقرر فرما دیا تھا۔ فرمان ہوا کہ "جہنم تمہارا ٹھکانہ ہے"۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ وَ

ہمیشہ اس میں رہو، مگر جسے اللہ چاہے۔ بے شک تمہارا پروردگار حکمت والا علم والا ہے● اور

كَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًۢا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع ۱۵ ۸ ۲

اسی طرح حاکم بنا دیتے ہیں ہم بعض ظالموں کو بعض پر ۔۔۔ بدلہ اس کا جو کماتے تھے●

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ

اے جن و انسان کے گروہ، کیا نہیں آئے تمہارے پاس رسول تم میں سے؟ بتاتے

عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا

تم کو ہماری آیتیں، اور ڈراتے تم کو آج کے دن ملنے سے۔ بولے، کہ "ہم اپنے خلاف

عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ

خود گواہ ہیں"، اور دھوکا دے دیا تھا ان کو دنیاوی زندگی نے، اور گواہی اپنے اوپر دینی پڑی، کہ

اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى

بے شک وہ کافر تھے● یہ یوں کہ تمہارا پروردگار، نہیں ہے آبادیوں کو اجاڑنے والا

بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَمَا رَبُّكَ

ظلم سے، جبکہ اسکے بسنے والے بے خبر ہیں● ہر ایک کا درجہ ہے جیسا عمل کیا۔ اور نہیں ہے تمہارا پروردگار

بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ يَّشَاْ

غافل، جو وہ کرتے ہیں● اور تمہارا پالنے والا بے پرواہ رحمت والا ہے۔ اگر چاہے تم

يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ

لوگوں کو ہٹا دے، اور تمہاری جگہ تمہارے بعد جسے چاہے لائے، جس طرح تم کو پیدا فرما دیا

ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ ؕ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ

دوسرے لوگوں کی نسل سے● بے شک جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے اسے آنا ہے۔ اور تم کو

بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ

بچنا نہیں ہے● کہدو، کہ "اے لوگو تم کام کئے جاؤ اپنی جگہ پر، میں اپنا کام کر رہا ہوں۔

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ

تو جلد جان لوگے، کہ جنت کی عاقبت کس کی ہوئی"۔ بے شک انجام بخیر نہ ہوں گے

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا

ظالم لوگ● اور کر دیا اللہ کیلئے جو اس نے پیدا فرمایا کھیتی اور مویشی سے ایک حصہ،

فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ

تو کہنے لگے کہ یہ اللہ کا ہے ان کے نزدیک، اور یہ ہمارے بتوں کیلئے ہے۔ تو جو بتوں کا ہے

فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ

نہیں پہنچتا اللہ کو۔ اور جو اللہ کا ہے تو وہ پہنچ جاتا ہے بتوں کو۔

سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ

کتنا برا فیصلہ کرتے ہیں● اور اسی طرح اچھا لگا دیا بہتیرے مشرکین کو

قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ

انکے معبودوں نے اپنی اپنی اولاد کو قتل کر ڈالنا، تاکہ ان کو ہلاک کر دیں اور ان پر انکے دین کو مشتبہ کر دیں۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَقَالُوْا هٰذِهٖۤ

اور اگر اللہ چاہتا، تو وہ یہ نہ کرتے۔ تو ان کو اور ان کے افتراؤں کو چھوڑو● اور بولے کہ یہ

اَنْعَامٌ وَّحَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَاۤ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَاَنْعَامٌ

مویشیاں اور کھیتی اچھوتی ہیں۔ نہیں کھائیگا ان کو مگر جسے ہم چاہیں، اپنے خیال میں، اور کچھ مویشیاں

حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً

ہیں جن کی سواری حرام ہے، اور کچھ مویشی ہیں کہ جنکے ذبح ہونے پر اللہ کا نام نہیں لیتے۔ اللہ پر یہ سب افتراء۔

عَلَيْهِ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ

بہت جلد بدلہ دے گا اللہ، جو افتراء باندھتے تھے● اور بولے کہ ان مویشیوں کے پیٹ میں

هٰذِهِ الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰۤى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ

جو کچھ ہے صرف مردوں کا ہے، اور عورتوں پر حرام ہے۔ اور اگر

يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ

مرا ہوا پیدا ہو، اس میں سب برابر کے شریک ہیں۔ بہت جلد بدلہ دیگا اللہ انکے اس من گڑھت کا۔ بیشک وہ حکمت والا

عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْۤا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّ

علم والا ہے● بیشک گھاٹے میں پڑ گئے جنھوں نے مار ڈالا اپنی اولاد کو بے وقوفی میں نادانی سے، اور

حَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا

حرام قرار دے دیا جو اللہ نے انھیں روزی دی، اللہ پر بہتان لگاتے ہوئے۔ بیشک وہ گمراہ ہوگئے اور نہیں

مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ ع ١٦ ١١ ٣

ہیں راہ پر● اور وہی ہے جس نے پیدا فرمایا باغ، چھائی بیلیں، اور بے چھائے

مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ

درخت۔ اور کھجور اور کھیتی جدا جدا کھانے۔ اور زیتون اور انار،

مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ

ملتے جلتے اور بے میل والے۔ تم لوگ اس کا پھل کھاؤ جب سے پھلنے لگے، اور اسکی زکوٰۃ

يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ وَمِنَ

کو دو کٹائی کے دن۔ اور بے محل خرچ نہ کرو۔ بیشک اللہ نہیں پسند فرماتا بے محل خرچ کرنے والوں کو● اور

الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا

مویشی میں بعض بار برداری والے ہیں، اور بعض چھوٹے کمزور، تم لوگ کھاؤ جو روزی دے دی تم کو اللہ نے، اور مت چلو

خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۴۲﴾ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ

قدموں پر شیطان کے۔ بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے● آٹھ نر مادے، بھیڑ

الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ

سے نر و مادہ دو، اور بکری سے نر و مادہ دو، پوچھو کہ کیا دونوں نر کو حرام کیا، یا

الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ نَبِّـُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ

دونوں مادہ کو، یا اس کو جو دونوں مادہ کے پیٹ میں ہے؟ بتا تو دو مجھے کسی علم سے بھی

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ؕ

اگر سچے ہو● اور اونٹ سے نر و مادہ دو، اور گائے سے نر و مادہ دو۔

قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ

پوچھو کہ دونوں نر کو حرام کیا، یا دونوں مادہ کو، یا اس کو جسے دونوں مادہ کا پیٹ

الْاُنْثَيَيْنِ ؕ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ

رکھے ہے؟ یا تم حاضر تھے، جب حکم دیا تھا تم کو اللہ نے اس کا۔ تو اس سے

أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ

زیادہ ظالم کون؟ جس نے من گڑھت باندھا اللہ پر جھوٹ۔ تاکہ گمراہ کردے لوگوں کو بے علمی سے۔

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٤٤﴾ قُلْ لَّآ أَجِدُ فِيْ مَآ

بے شک اللہ، نہیں راہ دیتا ظالم قوم کو● کہدو کہ میں نہیں پاتا اس میں جو

أُوْحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ إِلَّآ أَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً أَوْ

وحی بھیجی گئی ہے مجھ پر، کسی کھانے والے پر کوئی غذا حرام، مگر یہ کہ وہ مردار ہو، یا

دَمًا مَّسْفُوْحًا أَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَإِنَّهٗ رِجْسٌ أَوْ فِسْقًا أُهِلَّ لِغَيْرِ

بہتا خون ہو، یا سور کا گوشت ہو، کہ یہ تو نجاست ہے، یا نافرمانی کا جانور، کہ ذبح کیا گیا

اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ

اللہ کے سوا دوسرے کے نام پر۔ پھر کوئی بے قابو ہو گیا، نہ تو خواہشمند ہے اور نہ حاجت سے زیادہ لینے والا، تو بیشک تمہارا

رَّحِيْمٌ ﴿١٤٥﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ

پروردگار غفور رحیم ہے● اور جو یہودی تھے ان پر ہم نے حرام فرمادیا تھا، سب ناخن والے جانوروں کو۔ اور

الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ

گائے اور بکری کی ہم نے حرام کردیا تھا ان پر چربی۔ مگر جو پیٹھ

أَوِ الْحَوَايَآ أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ؕ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۖ وَإِنَّا

اور آنتوں پر ہو، یا ہڈی سے لگی ہو۔ یہ ہم نے ان کو سزا دی تھی ان کی سرکشی کی۔ اور بے شک

لَصٰدِقُوْنَ ﴿١٤٦﴾ فَإِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ

ہم سچے ہیں● اب اگر وہ لوگ تمہیں جھٹلائیں، تو کہہ دو کہ تمہارا پروردگار وسیع رحمت والا ہے۔

وَلَا يُرَدُّ بَأْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٤٧﴾ سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ

اور اس کا عذاب پلٹا نہ جائے گا مجرم قوم سے● اب کہیں گے جنھوں نے

أَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ أَشْرَكْنَا وَلَآ آبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ

شرک کیا ہے، کہ اگر اللہ چاہتا، تو ہم شرک نہ کرتے اور نہ ہمارے باپ دادے، اور نہ ہم نے حرام کیا ہوتا

شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَأْسَنَا ؕ

کچھ۔ اسی طرح جھٹلایا تھا انھوں نے جو ان سے پہلے ہوئے، یہاں تک کہ چکھ لیا ہمارا عذاب۔

قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا
پوچھو کہ کیا تمہارے پاس کوئی علم ہے، کہ اس کو نکالو ہمارے لئے۔ تم لوگ تو صرف گمان سے کام
الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿۱۴۸﴾ قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ
لیتے ہو، اور تم لوگ محض اٹکل لگاتے رہتے ہو● کہہ دو کہ دل نشین دلیل تو اللہ کیلئے ہے۔
فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ
تو وہ چاہتا، تو تم سب کو راہ پر لاتا● کہہ دو کہ لاؤ تو اپنے گواہوں کو جو
يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ
گواہی دیں، کہ بیشک اللہ نے حرام کیا اس کو۔ پھر اگر وہ گواہی دے دیں، تو تم گواہی نہ دینا ان
مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ لَا
کے ساتھ۔ اور نہ مانو ان کے اوہام کو جو جھٹلا چکے ہماری آیتوں کو، اور جو نہ
يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ ع ۱۷
مانیں آخرت کو، اور وہ اپنے پروردگار کا برابر گڑھیں● کہہ دو کہ آؤ میں بتا دوں
مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ
جو حرام فرمایا تھا تمہارے پروردگار نے تم پر، یہ کہ اس کا کوئی شریک نہ بناؤ، اور ماں باپ سے احسان کا۔
وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا
اور نہ قتل کر ڈالو اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے۔ ہم تمہیں بھی روزی دیں اور انھیں بھی۔ اور
تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ
قریب نہ جاؤ بے شرمیوں کے، جو ان میں ظاہر ہیں اور جو چھپی ہیں۔ اور نہ قتل کرو اس کو
الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾
جسے اللہ نے حفاظت میں لے لیا ہے ناحق۔ یہ ہے جس کا حکم دیا تم کو کہ عقل سے کام لو●
وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ
اور قریب نہ پھٹکو یتیم کے مال کے، مگر اس طرح جو اسکے لئے زیادہ بہتر ہو، یہاں تک کہ بالغ
اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا
جوان ہو۔ اور پورا رکھو ناپ کو، اور تول کو، انصاف سے۔ ہم کسی سے کام نہیں لیتے

إِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۚ وَبِعَهْدِ

مگر جو کر سکے۔ اور جب بولو تو انصاف کی بات بولو، گو رشتہ دار ہو۔ اور اللہ کا عہد

اللَّهِ أَوْفُوا ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿١٥٢﴾ وَأَنَّ هَٰذَا

پورا کرتے رہو۔ یہ ہے جس کا حکم دیا تم کو کہ نصیحت حاصل کرو● اور بے شک یہ

صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ

میری راہ ہے سیدھی، تو اس پر چلو، اور دوسری راہیں نہ چلو، کہ تم کو دور کر دیں اللہ

عَن سَبِيلِهِ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿١٥٣﴾ ثُمَّ آتَيْنَا

کی راہ سے۔ یہ ہے جس کا حکم دیا کہ تم ڈر والے ہو جاؤ● پھر دیا ہم نے

مُوسَى الْكِتَابَ تَمَامًا عَلَى الَّذِي أَحْسَنَ وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ

موسیٰ کو کتاب، پورا کرم کرنے کو اس پر جس نے نیکی کی، اور تفصیل ہر چیز

شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُم بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ﴿١٥٤﴾ وَ ع ١٩ ٦

کی، اور ہدایت ورحمت، کہ وہ اپنے پروردگار سے ملنے کو مان جائیں● اور

هَٰذَا كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ فَاتَّبِعُوهُ وَاتَّقُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿١٥٥﴾

یہ کتاب ہے جس کو اتارا ہم نے برکت والی، تو اس کی پیروی کرو، اور ڈرو کہ تم رحم کئے جاؤ●

أَن تَقُولُوا إِنَّمَا أُنزِلَ الْكِتَابُ عَلَىٰ طَائِفَتَيْنِ مِن قَبْلِنَا وَ

آئندہ یہ کہہ ڈالو کہ کتاب اتاری جا چکی ہے، صرف دو گروہوں پر ہم سے پہلے۔ اور

إِن كُنَّا عَن دِرَاسَتِهِمْ لَغَافِلِينَ ﴿١٥٦﴾ أَوْ تَقُولُوا لَوْ أَنَّا أُنزِلَ عَلَيْنَا

ہم ان لوگوں کے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر تھے● یا یوں کہ ڈالو کہ اگر ہم پر کتاب

الْكِتَابُ لَكُنَّا أَهْدَىٰ مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَاءَكُم بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَ

اتاری جاتی، تو ہم ان سے زیادہ ہدایت پر ہوتے۔ لہٰذا آ گئی تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی کھلی

هُدًى وَرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن كَذَّبَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَصَدَفَ

دلیل اور ہدایت ورحمت۔ تو اس سے زیادہ ظالم کون ہے، جس نے جھٹلایا اللہ کی آیتوں کو اور بے رخی برتی

عَنْهَا ۗ سَنَجْزِي الَّذِينَ يَصْدِفُونَ عَنْ آيَاتِنَا سُوءَ الْعَذَابِ

ان سے۔ ہم بہت جلد سزا دیں گے انھیں، جو منہ پھیرتے ہیں ہماری آیتوں سے۔ بری سزا

بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿١٥٧﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

منہ پھیرنے کی ● وہ لوگ اسی انتظار میں ہیں کہ فرشتوں کے آنے کا وقت آجائے،

اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ

یا تمہارے پروردگار کے دیدار کا وقت آجائے، یا تمہارے پروردگار کی آخری نشانی آجائے، جس دن تمہارے پروردگار کی وہ

رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ

نشانی آجائے، تو کسی کے کام اس کا ایمان نہ آئے گا، جو پہلے سے ایمان نہ لایا تھا۔ یا

كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ؕ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿١٥٨﴾ اِنَّ

اپنے ایمان میں نیکی نہ کمائی تھی۔ کہہ دو کہ خیر انتظار کئے جاؤ، ہم بھی منتظر ہیں ● بے شک

الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ؕ اِنَّمَآ

جنھوں نے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا اپنے دین کو، اور ہو گئے شیعہ شیعہ، تم کو ان سے کچھ سروکار نہیں۔ ان کا

اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿١٥٩﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ

معاملہ اللہ کے سپرد ہے، پھر وہ سزا دے گا ان کو جو وہ کرتے تھے ● جو ایک نیکی کرے

فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا

تو اس کیلئے دس گنا ہے۔ اور جو برائی کرے، تو سزا نہ دی جائے گی مگر اس کے

وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٦٠﴾ قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ

برابر، اور وہ ظلم نہ کئے جائینگے ● کہہ دو کہ بیشک راہ دی مجھ کو میرے پروردگار نے سیدھی راہ کی طرف۔۔

دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٦١﴾

دین برحق، ابراہیم کی ملت، جو ہر باطل سے الگ تھے۔ اور مشرک نہ تھے ●

قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٢﴾

کہو کہ بیشک، میری نماز اور حج اور زندگی اور موت اللہ کیلئے ہے، پروردگار سارے جہان کا ●

لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٦٣﴾ قُلْ

اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور اسی کا مجھ کو حکم دیا گیا، اور میں پہلا مسلمان ہوں ● کہہ دو

اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ؕ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ

کہ کیا اللہ کے غیر کو اپنا پروردگار بنانے کیلئے جستجو کروں؟ حالانکہ وہ سب کا پالنے والا ہے۔ اور نہیں کماتا کوئی

اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ

مگر اسکا ذمہ دار وہی ہے۔ اور کوئی کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا۔ پھر اپنے پروردگار کی طرف تمہارا لوٹنا ہے۔

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٦٤﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ

تو بتادے گا تمہیں جس میں جھگڑا کرتے تھے● وہی ہے جس نے بنایا خود تم لوگوں کو زمین میں

الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ

خلیفہ، اور بلند فرمادیا ایک کو ایک سے کئی درجے، تاکہ آزمالے تم کو اس میں

اٰتٰىكُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۚ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٦٥﴾ ع

جو دے دیا ہے تم کو۔ بیشک تمہارا پروردگار جلد عذاب دینے والا ہے۔ اور بیشک وہ ضرور غفور رحیم ہے●

سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ ٣٩ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ٢٠٦ رُكُوْعَاتُهَا ٢٤

سورۂ اعراف مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۲۰۶ رکوع ۲۴

الٓمّٓصٓ ﴿١﴾ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ

الم ص● کتاب جو اتاری گئی تم پر، تو نہ ہو تمہارے سینہ میں کوئی جھجک اس سے،

لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢﴾ اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ

تاکہ ڈراؤ تم اس سے، اور نصیحت ہے مان جانے والوں کیلئے● تم لوگ چلو اس پر جو تمہاری طرف اتارا گیا

رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٣﴾ وَكَمْ

تمہارے رب کی طرف سے، اور مت پیروی کرو جو قرآن کو چھوڑ کر حاکم ہیں۔ تم لوگ کم نصیحت قبول کرتے ہو● اور کتنی

مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَاۗءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْهُمْ قَاۗىِٕلُوْنَ ﴿٤﴾ فَمَا

بستیاں تھیں جن کو ہم نے تباہ کر دیا، تو وہاں آیا ہمارا عذاب رات کو سوتے میں، یا وہ دن میں قیلولہ کر رہے تھے● تو نہ

كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَاۗءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٥﴾

تھی ان کی کوئی بولی بات، جبکہ آ گیا ان پر ہمارا عذاب، مگر یہ کہ بولے کہ بے شک ہم ظالم تھے●

فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦﴾

تو ضرور ہم سوال کریں گے ان سے جن کی طرف رسول کئے گئے۔ اور ضرور ہم پوچھیں گے رسولوں سے●

فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَاۗىِٕبِيْنَ ﴿٧﴾ وَالْوَزْنُ يَوْمَىِٕذِ

پھر ضرور ہم خود ہی بتادیں گے اپنے علم سے۔ اور ہم تو کہیں سے غائب نہیں● اور عمل کی تول اس دن

ع ١٦ ٢٠ النصف

الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٨﴾ وَمَنْ

ٹھیک ہے۔ تو جس کا وزن بھاری ہوا، وہی کامیاب ہیں● اور جس کا

خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا

پلہ ہلکا پڑا، تو وہ ایسے ہیں کہ گھاٹے میں ڈالا خود اپنے کو۔ یہ بدلہ ہے جو ہماری

بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ﴿٩﴾ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ

آیتوں سے زیادتی کرتے تھے● اور ضرور بیشک ہم نے جماؤ دیا تم کو زمین پر اور پیدا کر دیا تمہارے لئے

فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿١٠﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ع ٨

اس میں زندگی کے سامان۔ تم لوگ کم شکر گزار ہوتے ہو● اور البتہ ہم نے پیدا فرمایا تم کو، پھر صورت

ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰۗىِٕكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۠ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ لَمْ

بخشی تمہیں، پھر فرمایا ہم نے فرشتوں سے کہ سجدہ کرو آدم کا۔ تو سب نے سجدہ کیا سوا ابلیس کے۔ کہ

يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿١١﴾ قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ۭ

وہ سجدہ کرنیوالوں میں نہ ہوا● فرمایا کہ "کس چیز نے روکا تجھ کو، کہ تو نے سجدہ نہ کیا؟ جبکہ میں نے تجھ کو حکم دیا"۔

قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿١٢﴾

بولا "میں بہتر ہوں اس سے"۔ "مجھ کو تو نے آگ سے بنایا، اور ان کو مٹی سے پیدا کیا"●

قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ

فرمان ہوا، "تو یہاں سے اتر جا"، "تجھے حق نہ تھا کہ یہاں غرور کرے"، "نکل، بے شک

مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿١٣﴾ قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿١٤﴾ قَالَ اِنَّكَ

تو کمینوں سے ہے"۔ بولا، "میری جان بخشی کی جائے اس دن تک کہ لوگ اٹھائے جائیں"● فرمان ہوا، "بیشک تجھ کو

مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿١٥﴾ قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ

مہلت ہے"● بولا، "تو چونکہ میری گمراہی تو نے ظاہر کر دی، ضرور آ سن جماؤں گا تیرے سیدھے راستہ

الْمُسْتَقِيْمَ ﴿١٦﴾ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ

میں جو انکے لئے ہے"● "پھر ضرور آؤں گا ان کے پاس، سامنے سے، پیچھے سے،

وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَاۗىِٕلِهِمْ ۭ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ﴿١٧﴾

اور داہنے سے، اور بائیں سے، اور تو ان کے بہتیروں کو شکر گزار نہ پائے گا"●

قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ؕ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ

فرمان ہوا، "نکل یہاں سے، مردود۔ ملعون۔ جوان میں سے تیری چال چلا،

لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَ يٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَ

تو بھر دوں گا جہنم کو، تم سب سے" ● "اور اے آدم تم رہو اور

زَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا ۪ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ

تمہاری بی بی جنت میں، پھر کھایا کرو جہاں چاہو" "اور اس پیڑ کے قریب نہ

الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾ فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ

جانا کہ اپنا بنا بگاڑ دو" ● پھر وسوسہ ڈالا ان دونوں میں شیطان نے،

لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰىكُمَا

تا کہ ظاہر کر دے ان پر جو پوشیدہ تھیں ان سے ان کی شرمگاہیں۔ اور بولا "کہ نہیں روکا ہے تم کو

رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا

تمہارے پروردگار نے اس پیڑ سے، مگر یوں کہ ہو جاؤ گے فرشتے، یا ہمیشہ جنت میں

مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَاسَمَهُمَاۤ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۱﴾

رہا کرو گے" ● "اور قسم کھائی کہ میں تمہارے خیر خواہوں سے ہوں" ●

فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا

پھرا تار لایا ان کو دھوکہ سے۔ پھر جب چکھا دونوں نے اس پیڑ سے، تو برہنہ ہو گئیں ان کی شرمگاہیں۔

وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؕ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَاۤ

اور لگے دونوں رکھنے پتہ سے پتہ جوڑ کر اپنے اوپر، جنت کے پتوں سے۔ اور ندا فرمائی دونوں کو ان

اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَ اَقُلْ لَّكُمَاۤ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا

کے پروردگار نے، کہ "کیا ہم نے تم دونوں کو روکا نہیں تھا اس پیڑ سے، اور نہیں کہہ دیا تھا کہ بیشک شیطان تم لوگوں

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۲﴾ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَاۤ اَنْفُسَنَا ۟ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ

کا کھلا دشمن ہے؟" ● دونوں کہنے لگے، "اے ہمارے پروردگار، ہم نے اپنا بنا بگاڑ ڈالا ○ اور اگر تو نے نہ بخشا ہم کو اور

تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ

رحم نہ فرمایا ہم پر، تو ہم ہوں گے گھاٹے والوں سے" ● فرمان ہوا، "اترو، تم میں ایک

لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ﴿٢٤﴾

دوسرے کا دشمن ہے۔ اور تمہارے لئے زمین میں ٹھہراؤ، اور کچھ وقت تک رہن سہن ہے"●

قَالَ فِيهَا تَحْيَوْنَ وَفِيهَا تَمُوتُونَ وَمِنْهَا تُخْرَجُونَ ﴿٢٥﴾ يَا بَنِي ع ۲ ۱۵ ۹

فرمان ہوا، "اسی میں جیو گے، اور اسی میں مرو گے۔ اور اسی سے نکالے جاؤ گے"● اے اولادِ

آدَمَ قَدْ أَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُوَارِي سَوْآتِكُمْ وَرِيشًا ۖ وَ

آدم! "بیشک اتارا ہم نے تم پر لباس، جو چھپالے تمہاری شرمگاہوں کو اور زیبائش والا۔ اور

لِبَاسُ التَّقْوَىٰ ذَٰلِكَ خَيْرٌ ۚ ذَٰلِكَ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ لَعَلَّهُمْ

خوفِ خدا کا لباس سب سے بہتر ہے"۔ یہ اللہ کی آیتیں ہیں کہ وہ لوگ

يَذَّكَّرُونَ ﴿٢٦﴾ يَا بَنِي آدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطَانُ كَمَا أَخْرَجَ أَبَوَيْكُمْ

نصیحت پائیں● اے آدمیو! "نہ فتنہ میں ڈالے تم کو شیطان، جیسا کہ تمہارے ماں باپ کو

مِنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْآتِهِمَا ۗ إِنَّهُ

نکالا جنت سے، ان دونوں کے لباس اتارے، کہ ان کو ان کی شرمگاہیں دکھلا دے۔ بیشک وہ

يَرَاكُمْ هُوَ وَقَبِيلُهُ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ۗ إِنَّا جَعَلْنَا

اور اس کا کنبہ تمہیں دیکھتا ہے، ایسا کہ تم ان کو نہیں دیکھ سکتے"۔ ہم نے کر دیا

الشَّيَاطِينَ أَوْلِيَاءَ لِلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٢٧﴾ وَإِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً

شیطانوں کو دوست ان کا جو ایمان نہ لائیں● اور جب انھوں نے کی کوئی بے حیائی،

قَالُوا وَجَدْنَا عَلَيْهَا آبَاءَنَا وَاللَّهُ أَمَرَنَا بِهَا ۗ قُلْ إِنَّ اللَّهَ لَا يَأْمُرُ

تو بولے کہ "اسی پر پاتے رہے ہم اپنے باپ دادوں کو، اور اللہ نے ہمیں اسکا حکم دے رکھا ہے"، کہہ دو کہ "بیشک اللہ نہیں

بِالْفَحْشَاءِ ۖ أَتَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٢٨﴾ قُلْ أَمَرَ رَبِّي

حکم فرماتا ننگ کاموں کا"۔ کیا اللہ پر وہ گڑھتے ہو، جس کو جانتے ہی نہیں؟● کہہ دو کہ حکم دیا ہے میرے

بِالْقِسْطِ ۖ وَأَقِيمُوا وُجُوهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَادْعُوهُ

پروردگار نے انصاف کا۔ اور سیدھا رکھو اپنے رخ کو ہر سجدہ والی عبادت میں، اور اس کی دہائی دو

مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۚ كَمَا بَدَأَكُمْ تَعُودُونَ ﴿٢٩﴾ فَرِيقًا هَدَىٰ

اس کے کھرے دیندار ہو کر۔ جیسا تمہیں شروع میں بنایا پھر لوٹو گے● ایک فریق راہ پر،

وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ

اور ایک فریق تھے جس پر گمراہی ٹھیک اتری، بیشک انھوں نے بنالیا شیطانوں کو دوست

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۰﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ

اللہ کو چھوڑ کر۔ اور گمان یہ رکھتے ہیں کہ وہ ہدایت پائے ہیں● اے اولادِ آدم

خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ

اختیار کرو اپنی آراستگی، ہر بار مسجد آنے میں۔ اور کھاؤ اور پیو اور بے وجہ خرچ نہ کرو۔

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ ع ۳

بیشک اللہ نہیں پسند فرماتا بے وجہ خرچ کرنیوالوں کو● کہہ دو کہ کس نے حرام کیا اللہ کی پیدا کی ہوئی اس زینت کو، جو اس

لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي

نے نکالی اپنے بندوں کیلئے، اور پاکیزہ روزی کو۔ کہہ دو کہ یہ سب ان کیلئے ہے جو ایمان لا چکے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ

دنیاوی زندگی میں، اور صرف انھیں کیلئے ہے قیامت کے دن۔ اس طرح ہم آیتوں کی تفصیل کرتے ہیں

لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا

اہل علم قوم کیلئے● کہہ دو کہ حرام فرما دیا ہے ہمارے پروردگار نے بس بے شرمیوں کو، جو کھلی

وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا

اور جو ڈھکی ہوں، اور گناہ، اور ناحق ظلم کو، اور یہ کہ شریک بناؤ اللہ کا اسے،

لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾

جس کی نہیں اتری کوئی سند، اور یہ کہ اللہ پر وہ لگاؤ جس کا تمھیں علم ہی نہیں●

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً

اور ہر امت کا ایک وقت آخری ہے۔ تو جب آ گیا ان کا وہ وقت، تو نہ پیچھے ہوں ایک گھڑی

وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

اور نہ آگے ہوں● اے نسل آدم! اگر آتے رہیں تمہارے پاس تم میں سے رسول،

يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

جو پڑھا کریں تم پر ہماری آیتیں، تو جو ڈرا اور درست ہو گیا، تو نہ کوئی ڈر ان پر،

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ

اور نہ وہ رنج پائیں ● اور جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو، اور غرور کیا اس سے،

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۳۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

وہ جہنم والے ہیں۔ وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں ● تو کون زیادہ ظالم ہے اس سے

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ

جس نے گڑھ لیا اللہ پر جھوٹ، یا جھٹلایا اس کی آیتیں، وہ ہیں جنہیں ان کی تقدیر کا لکھا

مِّنَ الْكِتٰبِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا اَيْنَ

ملتا رہے گا۔ یہاں تک کہ جب آئے اسکے پاس، ہمارے بھیجے قاصدانِ موت، کہ زندگی پوری کردیں،

مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا

تو پوچھا، کہ "کہاں ہیں تمہاری پوجا پکار والے اللہ کو چھوڑ کر؟" بولے "وہ تو ہم سے گم گئے" اور اپنے اوپر

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ

گواہی دی، کہ بیشک وہ کافر تھے ● فرمانِ الٰہی ہوا، کہ "داخل ہو جاؤ ان امتوں میں

خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ۭ كُلَّمَا دَخَلَتْ

جو تم سے پہلے گزریں، جن و انس سے، جہنم میں"۔ جب کوئی امت

اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ۭ حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ

داخل ہوئی، تو لعنت بھیجی اپنی جیسی پر۔ یہاں تک کہ جب اکٹھا ہو گئے جہنم میں سب، تو پچھلی نے پہلی

لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰٓؤُلَاۗءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۭ

کیلئے کہا، "کہ اے ہمارے پروردگار انھوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا، تو انھیں دوگنا عذاب دے جہنم کا۔"

قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ

فرمان الٰہی ہوا، کہ "ہر ایک کو دونا عذاب ہے،" لیکن تم بے علم ہو ● اور بولی پہلی دوسری کیلئے،

فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ

"نہیں ہے تمہیں ہم پر کوئی فضیلت، پس تم بھی عذاب چکھو جو تم

تَكْسِبُوْنَ ﴿۳۹﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا ۱۱ ع ۴

کمائی کر رہے تھے" ● بیشک جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو اور بڑے بنے اس سے، نہ

تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ

کھولے جائینگے انکے لئے آسمان کے دروازے، اور نہ جائینگے جنت میں، یہاں تک کہ

الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ لَهُمْ

داخل ہوجائے اونٹ سوئی کے ناکے میں۔ اور ایسی ہی سزا ہم دیتے ہیں جرائم پیشہ کو● انھیں

مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي

جہنم کی آگ کا نیچے بچھونا، اور اوپر سے اوڑھنا ہے۔ اور یوں ہی سزا ہم دیتے ہیں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ

اندھیر مچانے والوں کو● اور جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے، ہم حکم ہی نہیں دیتے

نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ ۚ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾

مگر جس کی سکت ہو۔ وہ لوگ جنت والے ہیں۔ وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں●

وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ

اور ہم نے کھینچ لیا جو ان کے سینوں میں تھا کینہ۔ بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں۔

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ

اور سب نے کہا کہ ساری خوبی اللہ کیلئے ہے، جس نے ہمیں اس کی راہ دی۔۔۔ اور نہ راہ پاتے

لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَنُوْدُوْٓا

اگر نہ ہدایت فرماتا اللہ۔ بیشک آئے ہمارے پروردگار کے کئی رسول حق لے کر۔ اور انھیں

اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ

ندا دی گئی کہ یہ جنت ہے، جس کے تم وارث کئے گئے، جو تم عمل صالح کرتے تھے● اور آواز دی

الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ

جنتیوں نے جہنمیوں کو، "کہ ہم نے تو پالیا جو وعدہ فرمایا تھا ہم سے ہمارے پروردگار نے حق، تو کیا

وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ

تم نے بھی پایا جو وعدہ کیا تھا تمہارے پروردگار نے حق؟" بولے 'ہاں'، تو انکے بیچ میں ہاتف نے صدا دی،

اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ

کہ "اندھیر والوں پر اللہ کی پھٹکار ہو"● جو روکیں

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَ

اللہ کے راستہ سے، اور کرنا چاہیں اس کو ٹیڑھا۔ اور وہ آخرت کے منکر ہیں●۔۔۔ اور

بَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا بِسِيْمٰهُمْ ۚ

جنت و جہنم کے درمیان ایک پردہ ہے، اور اعراف پر کچھ لوگ ہیں کہ سب کو پہچان لیں گے انکے حلیہ سے۔

وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۫ لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ

اور پکارا جنتیوں کو "کہ آپ لوگوں پر سلام ہو"۔۔۔ یہ خود جنت گئے نہیں اور اسکی

يَطْمَعُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ

لالچ رکھتے ہیں● اور جب ان کی آنکھیں پھیر دی گئیں جہنمیوں کی طرف،

قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ ع ۱۲ ۵ ۴

بولے "پروردگارا نہ کر ہم کو ظالم قوم کے ساتھ"● اور آواز دی اعراف

الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ

والوں نے، ان لوگوں کو جن کو پہچانتے ہیں، قیافہ سے بولے، "کیا بنا دیا تمہارا تمہاری

جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ

جتھا بندی نے؟ اور جو تم بڑے بنا کرتے تھے"● کیا جو تم قسم کھایا کرتے تھے کہ ان کو

لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ۭ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ

اللہ نہ لیگا اپنی رحمت میں، یہی غریب جنت میں یوں جانیوالے ہیں کہ داخل ہو جنت میں، نہ تمہیں کوئی ڈر ہے اور نہ

اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ

تم رنجیدہ ہو● اور چلاّئے جہنمی لوگ جنتیوں سے، "کہ ہم پر

اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۭ قَالُوْٓا اِنَّ

کچھ پانی پھینک دو، یا جو روزی دی تم کو اللہ نے"۔ جواب دیا جنتیوں نے، "کہ بے شک

اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۰﴾ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا

اللہ نے حرام فرما دیا دونوں کو کافروں پر"● جنھوں نے بنا لیا اپنا دین کھیل

وَّلَعِبًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا

کود کو، اور دھوکا دیا ان کو دنیاوی زندگی نے، تو آج ہم انھیں یاد سے محروم کر دینگے، جیسا کہ وہ خود محروم رہے

لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۭ وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَقَدْ

اپنے اس دن کے پانے کی یاد سے۔ اور جو ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے● اور بیشک

جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰي عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ

لائے ہم ان کے پاس کتاب، جس کو ہم نے مفصل فرمایا اپنے علم سے ہدایت ورحمت، ان کیلئے

يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ

جو مانیں● انھیں نہیں انتظار ہے مگر اُس کے کہے کے انجام کا۔ جس دن اُس کا انجام آئے گا،

يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَاۗءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ

تو چلّائینگے وہ، جو اُسے بھولے تھے پہلے سے، کہ بیشک آئے ہمارے پروردگار کے کئی رسول حق لے کر۔

فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَاۗءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ

تو کیا ہمارے کچھ سفارشی ہیں، کہ ہماری شفاعت کردیں، یا ہم واپس کئے جائیں، تو ہم کریں اسکے خلاف جو کیا

كُنَّا نَعْمَلُ ۭ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ع ۶

کرتے تھے؟ بیشک گھاٹے میں ڈالا انھوں نے اپنے کو اور بیکار ہو گیا جو گڑھی گڑھی بات بکا کرتے تھے●

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ

بیشک تمہارا پروردگار اللہ ہے، جس نے پیدا فرمایا آسمانوں کو اور زمین کو چھ دن میں،

اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَي الْعَرْشِ ۣ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ

پھر برابر مکمل کر دیا عرش پر۔۔۔ وہ ڈھانپ دیتا ہے باہم رات دن کو، کہ باہم لگے رہتے ہیں

حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۢ بِاَمْرِهٖ ۭ اَلَا

جلد جلد۔ اور سورج کو، اور چاند کو، اور تاروں کو، سب مسخر اسکے حکم کے۔ یاد رکھو! کہ اسی کی شان

لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ۭ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ

ہے پیدا کرنا اور حکم دینا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ سارے جہان کا پالنے والا● تم لوگ دعا کرو اپنے

تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ ۚ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي

پروردگار سے گڑگڑا کر اور آہستہ۔ بیشک وہ نہیں پسند فرماتا حد سے نکل جانے والوں کو● اور مت فساد ڈالو زمین

الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ

میں، اسکے درست ہو جانے کے بعد۔ اور دعا کرو اس سے ڈرتے، ہوئے رحمت کے لالچی بن کر۔ بیشک اللہ

اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٥٦﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ

کی رحمت نزدیک ہے، مخلص بندوں کے● اور وہی ہے جو چلاتا ہے ہوا کو، خوش خبری

بُشْرًۢا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا

کیلئے اپنی رحمت سے آگے۔ یہاں تک کہ جب ہوائیں اٹھالائیں بھاری بھاری بادل،

سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ

تو بھیج دیا ہم نے اس کو بے جان مقام کیلئے، پھر اتارا ہم نے اس سے پانی کو، پھر نکالا ہم نے اس سے قسم قسم کے

الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَالْبَلَدُ

پھل۔ اسی طرح ہم مُردوں کو بھی نکالیں گے۔ اب تو نصیحت قبول کرو● اور اچھی

الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ

جگہ کا سبزہ نکلتا ہے اپنے پروردگار کے حکم سے۔ اور جو خراب ہو چکی، نہیں پیداوار ہوتی

اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ﴿٥٨﴾ ع لَقَدْ ١٤

اسکی، مگر بمشکل تھوڑی۔ اسی طرح سے ہم طرح طرح بیان کرتے ہیں آیتیں، شکر گزار قوم کیلئے● البتہ بیشک

اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

بھیجا ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف، تو انھوں نے کہا "کہ اے میری قوم پوجو اللہ کو، نہیں ہے

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿٥٩﴾

تمہارا کوئی معبود اُس کے سوا۔ بے شک میں ڈرتا ہوں تم پر بڑے دن کے عذاب کو"●

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٦٠﴾ قَالَ

بولے ان کی قوم کے چودھری لوگ، "کہ بیشک ہماری رائے میں تم کھلی گمراہی میں ہو"● انھوں نے

يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦١﴾

جواب دیا "کہ اے قوم مجھ میں کوئی گمراہی نہیں ہے، لیکن میں رسول ہوں سارے جہاں کے پروردگار کا"●

اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٢﴾

"تم لوگوں تک پہنچاتا ہوں اپنے پروردگار کے پیغاموں کو، اور تمہارا خیر خواہ ہوں اور اللہ کی عطا سے وہ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے"●

اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ

کیا تم بھوچکے ہو گئے کہ آئی تمہارے پاس نصیحت، تمہارے پالنہار کیطرف سے ایک ایسے شخص پر، جو تم میں سے ہے، تاکہ وہ

وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۶۳﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ

تمکو ڈرائے اور تا کہ تم ڈرو، اور کسی طرح رحم کیئے جاؤ● تو سب نے جھٹلایا انکو، تو ہم نے نجات دی انھیں ساتھیوں

مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا

کے ساتھ کشتی میں۔ اور ڈبو دیا انھیں، جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا۔ بیشک وہ لوگ

قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿۶۴﴾ ع ۸ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا ع ۱۵

اندھے تھے● اور عاد کی طرف ان کی برادری کے ہود کو۔ انھوں نے کہا، کہ "اے قوم پوجو

اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ

اللہ کو، کوئی نہیں ہے تمہارا معبود اسکے سوا۔ تو کیا تم لوگ ڈرتے نہیں"● بولے چودھری ان کی قوم کے

كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ

جو کافر تھے، "کہ بیشک ہماری رائے میں تم بیوقوف ہو۔ اور بیشک ہمارے خیال میں تم

الْكٰذِبِيْنَ ﴿۶۶﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ

جھوٹے ہو"● جواب دیا، کہ "اے قوم، مجھ میں کوئی بیوقوفی نہیں ہے، لیکن رسول ہوں سارے جہان

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۷﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ

کے پالنے والے کا● تم کو پہنچاتا ہوں اپنے پروردگار کے پیغام، اور میں تمہارا خیر طلب

اَمِيْنٌ ﴿۶۸﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ

معتمد ہوں"● کیا تم کو تعجب ہوا اسکا، کہ آئی تمہارے پاس نصیحت تمہارے پروردگار کی طرف سے ایسے پر،

مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ وَاذْكُرُوْۤا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ

جو تم میں سے ہے، تا کہ تم کو ڈرائے۔ اور یاد کرو، جب کہ بنا دیا تھا تم کو جانشین قوم

نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْۤا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ

نوح کا، اور بڑھایا تمہارے ڈیل ڈول کے پھیلاؤ کو، تو یاد کرتے رہو اللہ کی نعمتوں کو، کہ کامیابی

تُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾ قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ

پاؤ● سب بولے "کہ تم ہمارے پاس اسلئے آئے ہو؟ کہ ہم ایک اللہ کو پوجیں اور چھوڑ دیں جن کو

يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۷۰﴾

پوجتے تھے ہمارے باپ دادے، تو جاؤ لے آؤ جس عذاب کا ہم سے وعدہ دیتے ہو، اگر سچے ہو"●

قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ؕ

جواب دیا، کہ "بیشک واقع ہوگیا تم لوگوں پر تمہارے پروردگار کی طرف سے نفرت وعذاب"۔

اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَآءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّا

"کیا تم جھگڑا نکالتے ہو مجھ سے ان نام ہی نام پر، جو تم نے رکھ دیا اور تمہارے باپ دادوں نے؟ نہیں

نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ

نازل فرمائی اللہ نے جس کی کوئی سند۔ تو کرو عذاب کا انتظار، میں بھی ساتھ ساتھ

الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۷۱﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَ

نظر رکھتا ہوں"● تو بچالیا ہم نے ان کو اور جو ان کے ساتھی تھے اپنی رحمت سے، اور

قَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۲﴾ ع

کاٹ کے رکھ دی ہم نے جڑ ان کی، جنھوں نے جھٹلایا تھا ہماری آیتوں کو، اور مانتے نہ تھے●

وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ؘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

اور ثمود کی طرف ان کی برادری کے صالح کو۔۔۔ انھوں نے کہا "کہ اے قوم پوجو اللہ کو، نہیں ہے تمہارا

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ هٰذِهٖ نَاقَةُ

کوئی معبود اُس کے سوا۔ بیشک آگئی تمہارے پاس روشن دلیل تمہارے رب کی طرف سے۔ یہ ہے اللہ کی

اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا

اونٹنی تمہارے لئے معجزہ، تو اس کو چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں کھاتی رہے۔ اور برائی سے تم اس کو

بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ

ہاتھ نہ لگاؤ، کہ تم کو پکڑ لے دکھ دینے والا عذاب"● "اور یاد کرو جب کہ تم کو بنا دیا تھا جانشین

مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّبَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا

عاد کا، اور زمین میں تم کو ٹھکانہ دیا، کہ بناتے ہو نرم زمین پر

قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُيُوْتًا ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا

محل، اور تراشتے ہو پہاڑوں میں گھر۔ تو یاد رکھا کرو اللہ کی نعمتوں کو، اور مت

تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا

پھرو زمین میں فساد مچاتے● کہا ان کی قوم کے چودھریوں نے، جو بڑے بنتے تھے

مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ اَتَعْلَمُوْنَ

ان سے، جو کمزور کر دیئے گئے تھے، جو ان میں سے مان گئے تھے، کہ "کیا تمہارے نزدیک

اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قَالُوْۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۷۵﴾

صالح اپنے پروردگار کے رسول ہیں"۔ انھوں نے کہا کہ "بیشک ہم مانتے ہیں جو کچھ پیغام دیا گیا انکے ذریعہ سے"●

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْۤا اِنَّا بِالَّذِيْۤ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۷۶﴾

بولے وہ، جو بڑے بنتے تھے، "کہ ہم لوگ جس کو تم مانتے ہو اس کے منکر ہیں"●

فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَ عَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَ قَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا

چنانچہ کوچیں کاٹ لیں انھوں نے اونٹنی کی، اور سرکشی کی اپنے پروردگار کے حکم سے، اور بکنے لگے، کہ "اے صالح لاؤ تو

بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۷۷﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

جس کا ہم سے وعدہ دے رہے ہو، اگر رسول ہو"● تو پکڑا ان کو زلزلہ نے،

فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۷۸﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَ قَالَ

تو وہ اپنے گھروں میں اوندھی لاش ہو گئے● تو ہٹ گئے ان سے صالح اور کہا

يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَ نَصَحْتُ لَكُمْ

کہ "اے قوم! بیشک میں نے تو پہنچا دیا تمہیں اپنے پروردگار کا پیغام اور خیر خواہی کی تمہاری۔

وَ لٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۷۹﴾ وَ لُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ

لیکن تم اچھا جانتے ہی نہیں خیر خواہوں کو"● اور لوط کو، جبکہ کہا اپنی قوم سے،

اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾

کہ کیا بے شرمی تم کرتے ہو، جس کو نہیں کیا تم سے پہلے کسی نے سارے جہان میں●

اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ

ارے، تم جاتے ہو مردوں کے پاس شہوت کو چھوڑ کر عورتوں کو۔ بلکہ

اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَ مَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ

تم لوگ بے جا کام کرنے والے ہو"● اور نہ تھا ان کی قوم کا جواب، مگر یہ کہ

قَالُوْۤا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۸۲﴾

"بولے کہ ان کو اپنی آبادی سے نکال دو، یہ لوگ بڑے پاکیزہ رہتے ہیں"●

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَ

تو بچالیا ہم نے ان کو اور ان کے گھر والوں کو، مگر ان کی عورت کو، وہ پچھڑ جانے والوں سے تھی● اور

اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۸۴﴾ ع ۱۰ ۱۴ ۱۷

برسایا ہم نے ان پر ایک بارش، تو دیکھ لو کیا کیسا ہوا انجام مجرموں کا●

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا

اور مدین کی طرف ان کی برادری کے شعیب کو، "کہا اے قوم پوجو اللہ کو، نہیں

لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

ہے تمہارا کوئی معبود سوا اسکے، بیشک آ گئی تمہارے پاس کھلی نشانی تمہارے پروردگار کی طرف سے،

فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ

تو ٹھیک رکھو ناپ اور تول کو، اور کم نہ دیا کرو لوگوں کو ان کی چیزیں،

وَلَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ

اور نہ فساد مچاؤ زمین میں اس کے پرامن ہونے کے بعد۔ یہ تمہارے لیے بہتر ہے

لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَلَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ

اگر تم مانو● اور نہ بیٹھا کرو ہر راستہ میں

تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَ

کہ دھمکی دے رہے ہو اور روکتے ہو اللہ کی راہ سے، اسے جو مان چکا اس کو، اور

تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْۤا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۪ وَانْظُرُوْا

تم چاہتے ہو اس میں کجی۔ اور یاد کرو جب کہ تم تھوڑے تھے، پھر بڑھایا تم کو۔ اور دیکھو کہ

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَاِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ

کیسا انجام ہوا فسادیوں کا"● "اور اگر تم میں کچھ لوگ مان

اٰمَنُوْا بِالَّذِىْۤ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا

گئے، جو پیغام لے کر میں بھیجا گیا ہوں، اور کچھ نے نہ مانا، تو ٹھہرو،

حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

یہاں تک کہ فیصلہ فرما دے اللہ ہمارے درمیان۔ اور وہ سب سے بہتر فیصلہ فرمانے والا ہے"●